ایمان کی ہے بات کہ ایمان یہی ہے

القرآن

ولن ترضیٰ عنک الیھود ولا النصاریٰ حتیٰ تتبع ملتھم قل ان ھدی اللہ ھو الھدیٰ۔ ولئن اتبعت اھواءھم بعد الذی جاءک من العلم۔ مالک من اللہ مین ولی ولا نصیر۔ (البقرہ)

اہل کتاب کے کافر یہود اور نصاریٰ آپ سے اس وقت تک ہر گز راضی نہیں ہو سکتے جب تک کہ آپ ان کے دین کی پیروی نہ کریں۔ آپ فرما دیں کہ قابل اتباع سچائی کا راستہ تو صرف اللہ ہی کا راستہ ہے، اور اگر آپ نے اپنے تئیں علم نبوت پہنچنے کے بعد بھی ان کی خواہشوں کا پیچھا کیا تو پھر خدا کے مقابلہ میں آپ کا نہ کوئی حمایتی ہوگا اور نہ مددگار ہوگا۔

یاایّھا الذین امنو لا تتخذوا الیھود والنصاریٰ اولیاء بعضھم اولیاء بعض ومن یتولھم منکم فانہ منھم انَّ اللہ لا یھدی القوم الظلمین (المائدہ)

اے ایمان والو...... یہود اور نصاریٰ سے دوستی نہ لگاؤ وہ صرف اپنے دوست ہیں، اور جو ان سے یارانہ گانٹھے تو وہ بھی انہی میں سے شمار ہوگا۔ یہ طے شدہ بات ہے کہ خدا ظالموں کو سیدھا راستہ نہیں دکھاتا۔

الحدیث

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اخرجوا الیھود والنصاریٰ من جزیرۃ العرب۔ (اوکما قال)

یہود اور نصاریٰ کو گہوارہ اسلام جزیرۃ العرب سے نکال باہر کرو۔

لعن اللہ الیھود والنصاریٰ اتخذوا قبور انبیاء ھم و صلحاھم مساجد۔ (اوکماقال)

یہود و نصاریٰ پر اللہ کی لعنت ہو جنہوں نے اپنے نبیوں (علیہم السلام) اور پاکباز انسانوں کی قبروں کو سجدہ گاہ بنا ڈالا۔

الاثار

قالہ امام الاحرار امیر المؤمنین سیدنا ابو حفص عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ

متی استعبدتم الناس وقد ولدتھم امّھاتُھم احرارا۔ (ابن کثیر)

اے اہل اقتدار تم نے انسانوں کو کب سے اپنا غلام سمجھ رکھا ہے، حالانکہ ان کی ماؤں نے تو ان کو فطرتاً آزاد جنا تھا؟